سوال

خاونداور بیوی نے شرعی طور پر نکاح کیا جس طرح اللہ تعالی نے حکم دیا ہے، لیکن نکاح سے قبل وہ آپس میں ملتے اور خاونداور بیوی جیسے تعلقات رکھتے تھے، کیا ان کی یہ شادی صحیح ہے یا باطل؟ اور جو کچھ وہ کرتے رہے ہیں اس کا کفارہ کیا ہے؟

جواب

الحمد للہ

اول :

پہلی بات تو یہ ہے کہ زنا ایک عظیم جرم اور کبیرہ گناہ ہے جس کی بنا پر زانی سے ایمان سلب ہوجاتا ہے، اور وہ عذاب وذلت اور رسوائی سے دوچار ہوتا ہے، الا یہ کہ وہ توبہ واستغفار کر لے

اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے :

اور تم زنا کاری کے قریب بھی نہ جاؤ، یقینا یہ بہت فحش کام اور براراہ ہے. الاسراء (32).

اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

"جب زانی زنا کرتا ہے تو وہ اس وقت مومن نہیں ہوتا"

صحیح بخاری حدیث نمبر (2475) صحیح مسلم حدیث نمبر (57).

اور ایک دوسری حدیث میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

"جب مرد زنا کرتا ہے تو اس سے ایمان خارج ہوجاتا ہے وہ اس پر سائبان کی طرح ہوتا ہے، اور جب وہ زنا ختم کرتا ہے تو ایمان اس میں واپس آجاتا ہے"

سنن ابوداود حدیث نمبر (4690) سنن ترمذی حدیث نمبر (2625) علامہ البانی رحمہ اللہ نے صحیح ابوداود میں اسے صحیح قرار دیا ہے

اور پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں بتایا ہے کہ زانیوں کو قیامت سے قبل ان کی قبروں میں آگ کا عذاب دیا جائیگا

صحیح بخاری حدیث نمبر (1320).

اور پھر اس جرم کی قباحت کی بنا پر اللہ عزوجل نے اس کی سزا رجم رکھی ہے کہ اگر زانی شادی شدہ ہے تو اس کو موت تک پتھر مارے جائیں، اور اگر شادی شدہ نہیں تو اسے ایک سو کوڑے مارے جائیں

اور جو شخص بھی اس میں مبتلا ہوا سے اس کام سے جتنی جلدی ہوسکے توبہ کرنی چاہیے، اور اس امید سے کثرت کے ساتھ اعمال صالحہ کرے کہ اللہ عزوجل اسے معاف کردیگا

فرمان باری تعالی ہے :

اور وہ لوگ جو اللہ کے ساتھ کسی اور کو معبود نہیں بناتے اور نہ ہی وہ اس نفس کو قتل کرتے ہیں جسے قتل کرنا اللہ نے حرام کیا ہے، مگر حق کے ساتھ، اور نہ ہی وہ زنا کا ارتکاب کرتے ہیں، اور جو کوئی یہ کام کرے اسے گناہ ہوگا، اور روز قیامت اسے دگنا عذاب دیا جائیگا، اور وہ ذلت وخواری کے ساتھ ہمیشہ اس میں رہے گا، سوائے ان لوگوں کے جو توبہ کر لیں اور ایمان لے آئیں، اور نیک کام کریں، اللہ تعالی ایسے لوگوں کے گناہوں کو نیکیوں میں بدل دیتا ہے، اللہ تعالی بخشنے والا مہربانی کرنے والا ہے الفرقان (67-70).

اور ایک مقام پر ارشاد باری تعالی ہے :

اور یقینا میں اس شخص کو بہت زیادہ بخشنے والا ہوں جو توبہ کرتا اور ایمان لاتا اور نیک وصالح اعمال کرتا اور پھر ہدایت پر رہتا ہے طہ (82).

اور ان دونوں کو چاہیے کہ اگر اللہ عزوجل نے ان کے اس گناہ پر پردہ ڈالا ہوا ہے تو وہ اس پردہ میں ہی رہیں اور اس کی خبر کسی دوسرے کو مت دیں، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

"ان گندی اشیاء سے اجتناب کرو جن سے اللہ سبحانہ وتعالی نے منع کر رکھا ہے، اور اگر کوئی شخص اس کا شکار ہو جائے تو اسے اللہ کے پردہ سے پردہ اختیار کرنا چاہیے"

اسے بیہقی نے روایت کیا ہے اور علامہ البانی رحمہ اللہ نے احادیث الصحیحۃ حدیث نمبر (663) میں صحیح قرار دیا ہے

دوم :

زانی مرد اور زانی عورت کا آپس میں اس وقت تک نکاح جائز نہیں جب تک کہ وہ اس گناہ سے سچی اور پکی توبہ نہ کر لیں؛ کیونکہ اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے :

زانی مرد سوائے زانی یا مشرکہ عورت کے کسی اور سے نکاح نہیں کرتا، اور زانیہ عورت سوائے زانی یا مشرک مرد کے کسی اور سے نکاح نہیں کرتی، اور ایمان والوں پر یہ حرام کر دیا گیا ہے النور (3).

یعنی زانی مرد اور عورت کا نکاح حرام ہے

اس لیے اگر تو دونوں نے شادی سے قبل اس حرام کام سے توبہ کر لی تھی تو ان کا نکاح صحیح ہے، لیکن اگر انہوں نے توبہ سے قبل عقد نکاح کرایا تھا تو ان کا نکاح صحیح نہیں، اور انہیں اپنے کیے پر نادم ہو کر اس سے توبہ کرنی چاہیے اور آئندہ پختہ عزم کرنا چاہیے کہ وہ اس کام کو دوبارہ نہیں کریں گے، پھر وہ اپنا نکاح دوبارہ کرائیں، اس کا تفصیلی بیان سوال نمبر (85335) کے جواب میں گزر چکا ہے آپ اس کا مطالعہ ضرور کریں

واللہ اعلم

اسلام سوال وجواب

96460